© rasailojaraid.com



اندازہ لگائیے کہ امریکیوں کے دلوں میں انسانیت کا کتنا احترام ہے۔

امریکہ نے جو سلوک عراقیوں اور افغانیوں سے کیا اس کے سامنے تو چنگیز، ہلاکو اور ہٹلر کی روحیں بھی نہ صرف شرمندہ ہیں بلکہ حیرت زدہ ہیں۔ صدام حسین کے ساتھ جو سلوک ہوا' وہ دنیا کے سامنے ہے۔ اب امریکہ اتنا طاقتور ہے کہ جب چاہے کسی ملک میں داخل ہو کر وہاں قتل عام کر سکتا ہے اور اس ملک کے سربراہ کو سزائے موت دے سکتا ہے۔

آخر میں وہی دعا کرنی چاہیے کہ ''تمام مظلوم مسلمان بھائیوں کے لیے دعا گو ہوں کہ ان کو خدا تعالیٰ بخیر و عافیت تمام مصیبتوں سے اپنی امان میں رکھے اور قیدی بھائی سلامتی کے ساتھ رہائی پائیں۔ اللہ ہمیں آزمائشوں سے بچائے اور ہر امتحان میں سرخرو فرمائے۔ (آمین) (تبصرہ: جاوید اختر بھٹی)

● کتاب: حقانی وظائف　　تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۳۲ صفحات　　قیمت: درج نہیں　　ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد نوشہرہ، سرحد

زیر مطالعہ کتابچہ میں مؤلف نے فرمودات نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی روشنی میں قرآنی وظائف پیش کیے ہیں۔ جسمانی اور روحانی امراض کی صورت میں قرآن مجید کی آخری سورتوں کے پڑھنے کی تلقین کی گئی ہے۔ حادثات وخطرات اور ہمہ جہتی اندیشہ ہائے مضرات سے حفاظت کے لیے نبوی (صلی اللہ علیہ وسلم) بشارات کو اس کتابچے میں یکجا کیا گیا ہے۔

(تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

● کتاب: حقانی تبصرے　　تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۳۱۵ صفحات　　قیمت: درج نہیں　　ناشر: القاسمی اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ۔

زیر نظر کتاب میں ''ماہنامہ القاسم'' ۲۰۰۶ء میں مختلف موضوعات پر شائع ہونے والی ۲۰۰ کتابوں پر تبصرے وتعارف شامل ہیں۔ مؤلف کی زبان میں جدید مطبوعات پر تعارف وتبصرہ کا مقصد معاشرے میں علم ومطالعہ اور کتاب کی اہمیت کا اجاگر کرنا ہے۔ تفسیر، حدیث، فقہ، تاریخ، ادب...... الغرض کوئی بھی موضوع ایسا نہیں جس پر ادارے کو موصول ہونے والی کتاب کو متعارف نہ کرایا گیا ہو۔ کاغذ معیاری اور کتاب چہار رنگا ٹائٹل کے ساتھ بھلی لگتی ہے۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

● کتاب: تذکرہ وسوانح علامہ شبیر احمد عثمانی (اشاعت خاص ماہنامہ ''القاسم'')　　مدیر ومرتب: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۴۳۹ صفحات　　قیمت: درج نہیں　　ناشر: القاسمی اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ۔

علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ کا نام نامی کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ شیخ الہند مولانا محمود حسن قدس سرہٗ کے مایہ ناز شاگرد اور ان کے علمی وسیاسی خدمات کے امین تھے۔ علم تفسیر وحدیث میں نہایت اعلیٰ درجہ پر فائز تھے۔ تحریک پاکستان میں قائدانہ کردار ادا کیا اور پاکستان بننے کے بعد ملک کے نظریاتی تشخص کو ''قرارداد مقاصد'' کی صورت میں پارلیمنٹ سے منظور کرا کر آئین کی بنیاد بنایا۔

مولانا عبدالقیوم حقانی نے اپنے ماہنامہ ''القاسم'' کی ایک خصوصی اشاعت میں حضرت علامہ عثمانیؒ کی عظیم شخصیت سے موسوم کر کے قوم کے ایک بڑے محسن کے ایمان افروز حالات وواقعات نئی نسل تک پہنچائے ہیں۔ علامہ شبیر احمد عثمانیؒ سے متعلق مختلف مضامین کو یکجا کیا گیا ہے اور علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کی زندگی کی بہت سی ایسی باتیں حیطۂ تحریر میں لائی گئی ہیں جو ایک مستقل نصیحت اور وصیت کا درجہ رکھتی ہیں۔ مضمون نگاروں میں علامہ سید سلیمان ندوی، قاری محمد طیب قاسمی، مفتی محمد تقی عثمانی، منشی



© rasailojaraid.com